سوال

tahajjud

جواب

تہجد کی نماز کےلئے رات کو سونا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا تہجد کی نماز کےلئے رات کو سونا لازمی ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! تہجد سے قبل سونا ضروری نہیں ہے ، سونے کے بغیر بھی تہجد کی نماز ہوجائے گی ۔ تہجد کی نماز کا وقت عشاء کی نماز کے بعد سے صبح صادق تک ہے ، سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے صحاح میں روایت موجود ہے کہ حضرت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز تہجد ابتدائی شب میں بھی ، نصف شب میں بھی اور آخری شب میں بھی پڑھی مگر آخر زندگی میں زیادہ تر آخر (رات کا آخری چھٹا حصہ) میں پڑھتے تھے ۔ رات کا حصہ جتنا بھی موخر ہوتا جاتا ہے اتنی ہی رحمتیں اور برکتیں زیادہ ہوتی ہے اور سدس (رات کا آخری چھٹا حصہ) تمام حصوں سے زیادہ افضل ہوتا ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض دفعہ عشاء کے بعد بھی نمازِ تہجد پڑھی ہے لیکن ہمیشہ نہیں پڑھی اس لئے کبھی کبھی پڑھ لینے میں کوئی حرج نہیں (فتاویٰ اہلِ حدیث : ۲/۷٦ ھذا ما عندی واللہ علم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ